
# سروے سے ایک دن قبل، تقریباً نصف (47% ) پاکستانی گھرانوں نے بتایا کہ گزشتہ کل اُن کے گھر میں سبزی پکی تھی، اس کے بعد عام طور پر دالوں (24% ) اور گوشت/چکن(21% ) کی شرح زیادہ پائی گئی

شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی زیادہ تعداد (26% ) گوشت اور چکن کھاتی ہے، جبکہ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کھانے میں دالوں کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں(28%)۔






معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا:5%

برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ کل آپ کے گھر میں کیا پکا تھا؟
(ایک سے زائد جوابات ممکن ہیں)؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی رویے

کھانے کی عادات / کھانا پکانے کی عادات

**سروے سے ایک دن قبل، تقریباً نصف (47%) پاکستانی گھرانوں نے بتایا کہ گزشتہ کل اُن کے گھر میں سبزی پکی تھی، اس کے بعد عام طور پر دالوں (24%) اور گوشت/چکن (21%) کی شرح زیادہ پائی گئی۔ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی زیادہ تعداد (26%) گوشت اور چکن کھاتی ہے، جبکہ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کھانے میں دالوں کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں (28%)۔**


**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد، 29 جولائی 2025)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، کھانوں میں عام طور پر سب سے زیادہ پکائی جانے والی ڈش سبزی تھی، جو کہ سروے سے ایک دن قبل تقریباً 47% پاکستانی گھرانوں میں پکائی گئی۔ دوسرے نمبر پر دالیں (24%) تھیں جن کی شرح سب سے زیادہ پائی گئی، اس کے بعد گوشت یا چکن (21%) اور پھر چاول/پلاؤ (15%) کی شرح زیادہ دیکھنے میں آئی۔ اس کے علاوہ، کچھ گھروں (3%) نے بتایا کہ اُن کے گھر گزشتہ کل کچھ نہیں پکایا گیا، جبکہ 5% نے اس حوالے سے واضح جواب نہیں دیا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ کل آپ کے گھر میں کیا پکا تھا؟**"۔اس سوال کے جواب میں 47% جوابدہندگان کے مطابق گزشتہ کل اُن کے گھر میں "سبزی" پکی تھی، 24% جوابدہندگان کے مطابق "دال"، 21% جوابدہندگان کے مطابق "گوشت/ چکن"، اور 15% جوابدہندگان کے مطابق گزشتہ کل اُن کے گھر میں "چاول/ پلاؤ وغیرہ" پکا تھا ، جبکہ 3% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ہے، تاہم 5% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ گزشتہ کل آپ کے گھر میں کیا پکا تھا؟ (ایک سے زائد جوابات ممکن ہیں) "**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 779 خواتین اور مرد حضرات سے 7th مارچ تا 22nd مارچ 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** دیہی علاقوں کے گھرانوں میں سبزی (48%) اور دالیں (28%) زیادہ پکائی جاتی ہیں، جو کہ سستی اور سبزیوں پر مبنی خوراک پر انحصار کو ظاہر کرتی ہیں۔ جبکہ شہری علاقوں میں گوشت اور چکن (26%) کا استعمال زیادہ کیا جاتا ہے، جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہاں جانوروں سے حاصل ہونے والی پروٹین پر مشتمل خوراک زیادہ آسانی سے دستیاب تھی۔ دیہی علاقوں (16%) میں چاول کا استعمال شہری علاقوں (14%) کی نسبت تھوڑا زیادہ پایا گیا۔ کھانا پکانے کے طریقے یہ ظاہر کرتے ہیں کہ لوگوں کی مالی حالت اور خوراک میں فرق ان کے رہنے کی جگہ کے مطابق ہوتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ کھانے پینے کے انداز آمدنی اور رسائی جیسے عوامل سے متاثر ہوتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں لوگ سستی اور بنیادی غذا جیسے دالوں پر زیادہ انحصار کرتے ہیں، جبکہ شہری علاقوں میں گوشت کا استعمال نسبتاً زیادہ ہے۔ اسی دوران، 3% گھرانوں نے بتایا کہ اُن کے ہاں کچھ بھی نہیں پکایا گیا، جو کہ تشویشناک بات ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ غذائی قلّت کا مسئلہ اندازے سے زیادہ عام ہو سکتا ہے۔ یہ معلومات ایسی پالیسیوں اور سماجی امدادی پروگراموں کے لیے اہم ہیں جن کا مقصد مختلف طبقوں میں خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 29th July 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)